THE GOVERNMENT SECURITIES ACT.

No. II of 1330 Fasli.

Sections.

1. Short title, commencement and extent.
2. Definition of Government Securities.
3. Notice of trust not receivable.
4. Right of survivors of joint payees of Government securities.
5. Prohibition to make endorsement except on Government Promissory Note.

قانون کفالت نامہ جات سرکار عالی

نشان (۲) سنہ ۱۳۳۰ف

دفعہ ۔

۱ مختصر نام و تاریخ نفاذ و وسعت مقامی ۔
۲ (۱) کفالت نامہ جات سرکار عالی کی تعریف ۔
(۲) مقررہ
۳ امانت کی اطلاع قبول نہ کی جائے گی ۔
۴ کفالت نامہ جات سرکار عالی کے بالاشتراک موسوم لہم کی صورت میں بقیہ زندگان کے حقوق ۔
۵ پرامیسری نوٹ سرکار عالی کی ظہر کے علاوہ اور طور پر عبارت ظہری لکھنے کی ممانعت ۔

6. Transfer of Government securities to any person in his ex-officio capacity.

۶ کفالت نامہ جات سرکار عالی کا کسی شخص کے حق میں بحیثیت عہدہ منتقل ہونا۔

7. Endorser of Government Security not liable for amount thereof.

۷ کفالت نامہ سرکار عالی کا نویسندہ عبارت ظہری رقم مندرجہ کفالت نامہ کی بابت ذمہ دار نہ ہوگا۔

8. Signature or impression of signature on Government securities.

۸ کفالت نامہ جات سرکار عالی پر دستخط یا دستخط کی مہر۔

9. Issue of duplicate Government securities.

۹ کفالت نامہ جات سرکار عالی کے مثنیٰ جات کی اجرائی۔

10. Renewal of promissory notes.

۱۰ پرامیسری نوٹس کی تجدید۔

11. Renewal of promissory notes in case of dispute as to title.

۱۱ پرامیسری نوٹ کی تجدید جب حقیت کے متعلق نزاع ہو۔

12. Renewal of other securities.

۱۲ دیگر کفالت نامہ جات کی تجدید۔

13. Issue of converted securities.

۱۳ تبدیل شدہ کفالت نامہ جات کی اجرائی۔

14. Liability in respect of renewed promissory notes.

۱۴ تجدید شدہ پرامیسری نوٹس کی بابت ذمہ داری۔

(*Translation*)

15. Discharge of Government from liability.

16. Procedure on death of the person holding securities of the value of five thousand rupees.

17. Payment in case of securities in the name of minor or lunatic.

18. Indemnity bond.

19. Inspection of document.

20. Penalties.

21. Power to make rules.

۱۵ سرکار عالی کا ذمہ داری سے سبکدوش ہونا۔

۱۶ کارروائی جب ایسا شخص فوت ہو جائے جس کے نام کفالت نامہ جات سرکار عالی رقمی صمہ ۵۰۰۰ ہوں۔

۱۷ ایسے کفالت نامہ جات کی ادائی جو نابالغ یا شخص فاتر العقل کے نام ہوں۔

۱۸ ابراء نامہ۔

۱۹ دستاویزات کا معائنہ۔

۲۰ سزائیں۔

۲۱ قواعد بنانے کا اختیار۔

THE GOVERNMENT SECURITIES ACT.

No. II of 1330 Fasli.

(Received the assent of H. E. H. the Nizam on 15th Jamadi-ul-sani 1339 Hijri).

Whereas it is expedient to enact a law relating to Government Securities; It is hereby enacted as follows :-

Short title, commencement and extent.

1. This Act may be called the Government Securities Act and shall come into force in the whole of H. E. H. the Nizam's Dominions from the date of *publication in the Jarida.

*Published in the Jarida dated 17th Ardibehisht 1330 Fasli.

قانون کفالت نامجات سرکار عالی

نشان (۲) سنہ ۱۳۳۰ف

پیشگاہ اعلیحضرت مدظلہم العالی سے بتاریخ ۱۵ جمادی الثانی سنہ ۱۳۳۹ھ منظور ہوا۔

ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ کفالت نامجات سرکار عالی کے متعلق قانون وضع کیا جائے۔ لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے:-

مختصر نام و تاریخ نفاذ و وسعت مقامی۔ | **دفعہ ۱**۔ یہ قانون بنام "قانون کفالت نامجات سرکار عالی" موسوم ہوسکے گا۔ اور تاریخ اشاعت جریدہ سے کل ممالک محروسہ سرکار عالی میں نافذ ہوگا۔

۵۔ جریدہ اعلامیہ مورخہ ۱۷ اردی بہشت سنہ ۱۳۳۰ف میں شائع ہوا۔

2. (1) In this Act "Government Securities" means promissory notes, stock-certificates and other securities issued by the Government either before or after the commencement of this Act in respect of any loan contracted by it, but does not include currency notes;

Definition of Government securities.

(2) "prescribed" means prescribed by rules made under this Act.

Prescribed.

3. Save as otherwise provided in this Act, the Government shall not, in respect of any Government Security, recognize its holder as its trustee. But when any person has obtained succession certificate or probate of the will in respect of any Government security belonging to the estate of a deceased person, the Government may recognize the person whose name is entered in the certificate as its full owner.

Notice of trust not receivable.

کفالت نامجات سرکار عالی کی تعریف - | دفعہ ۲ - (۱)
قانون ہذا میں "کفالت نامجات سرکار عالی" سے ایسے پرامیسری نوٹس اور اسٹاک سرٹیفکیٹس اور کفالت نامجات مراد ہیں جو سرکار عالی نے قانون ہذا کے نفاذ کے قبل یا بعد اس قرضہ کی بابتہ جاری کئے ہوں۔ جو اوس نے لیا ہو۔ لیکن اس میں سکہ جات قرطاس داخل نہونگے۔

مقررہ - | (۲) "مقررہ" سے حسب قواعد نافذہ تحت قانون ہذا مقررشدہ مراد ہے۔

امانت کی اطلاع قبول نہ کی جائیگی - | دفعہ ۳ - بجز اس کے کہ قانون ہذا میں کوئی اور حکم ہو کسی کفالت نامہ سرکار عالی کے متعلق سرکار عالی یہ تسلیم نہ کریگی کہ اس کے قابض کی حیثیت امین کی ہے۔ لیکن جب کسی شخص نے کسی کفالت نامہ کے متعلق جو کسی متوفی کی اسٹیٹ کی ملک ہو صداقت نامہ وراثت یا صداقت نامہ نفاذ وصیت حاصل کیا ہو تو اس شخص کو جس کا نام صداقت نامہ میں درج ہو سرکار عالی کامل مالک تسلیم کرسکے گا۔

(*Translation*)

Rights of survivors of joint payees of Government securities.

4. (1) Notwithstanding the provisions of section 46 of the Hyderabad Contract Act No. VI of 1316 Fasli, when the amount of any Government security is payable to two or more persons jointly and one or more of them die, the amount of such security shall be payable to the survivor or survivors.

کفالت نامجات سرکار عالی کے بالاشتراک موسوم لہم کی صورت میں پسماندگان کے حقوق

دفعہ ۴ ۔ (۱) باوجود احکام دفعہ (۴۶) قانون معاہدہ سرکار عالی نشان (۶) ۱۳۱۶ف جب کسی کفالت نامہ سرکار عالی کی رقم دو یا زیادہ اشخاص کو بالاشتراک قابل ادا ہو اور ان میں سے ایک یا زیادہ اشخاص فوت ہو جائیں ایسے کفالت نامہ کی رقم پسماندہ یا پسماندگان اشخاص کو قابل ادا ہوگی ۔

(2) When the amount of any Government security is payable to two or more persons jointly and one or more of them die, the amount of such security shall be payable to the survivor or survivors or to the representative of the deceased or to any of them.

(۲) جب کسی کفالت نامہ سرکار عالی کی رقم دو یا زیادہ اشخاص کو بالانفراد قابل ادا ہو اور ان میں سے ایک یا زیادہ اشخاص فوت ہو جائیں تو ایسے کفالت نامہ کی رقم پسماندہ یا پسماندگان اشخاص کو یا متوفی کے قائم مقام کو یا ان میں سے کسی کو قابل ادا ہوگی ۔

(3) Nothing contained in this section shall affect any claim which any representative of a deceased person may have against the survivor or suvivors in respect of any Government security payable to the survivor or survivors and the deceased jomtly or severally.

(۳) دفعہ ہذا کا کوئی مضمون کسی ایسے دعوی پر موثر نہ ہوگا جو شخص متوفی کے قائم مقام کو پسماندہ یا پسماندگان اشخاص کے مقابلہ میں اس کفالت نامہ سرکار عالی کی بابتہ ہو جو پسماندہ یا

پسماندگان اشخاص اور شخص متوفی کو بالاشتراک یا بالانفراد قابل ادا ہو۔

(4) This section shall apply in every case whether the death of the person to whom any Government security is payable jointly or severally occured before or occurs after the commencement of this Act.

(۴)۔ دفعہ ہذا ہر صورت میں متعلق ہوگی خواہ اس شخص کی موت جس کو کوئی کفالت نامہ سرکار عالی بالاشتراک یا بالانفراد قابل ادا ہو قانون ہذا کے نفاذ کے قبل وقوع میں آئی ہو یا اس کے بعد وقوع میں آئے۔

پرامیسری نوٹ سرکار عالی کی ظہر کے علاوہ اور طور پر عبارت ظہری لکھنے کی ممانعت ۔

5. Notwithstanding the provisions of section 13 of the Hyderabad Negotiable Instruments Act, No. V of 1318 F., no transfer of a Government promissory note shall be valid, unless such transfer is made by the holder by an endorsement on such promissory note.

Prohibition to make endorsement except on Government promissory note.

دفعہ ۵۔ باوجود احکام دفعہ ۱۳ قانون دستاویزات قابل بیع وشری ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (۵) ۱۳۱۸ف کسی پرامیسری نوٹ سرکار عالی کا انتقال جائز نہ ہوگا۔ بجز اس کے کہ ایسا انتقال پرامیسری نوٹ مذکور کی ظہر پر عبارت ظہری کے ذریعہ سے قابض نے کیا ہو۔

کفالت نامجات سرکار عالی کا کسی شخص کے حق میں بحیثیت عہدہ منتقل ہونا۔

6. (1) Where the Government, by notification in the Jarida, has applied this sub-section to any

Transfer of Government securities to

دفعہ ۶۔ (۱) جب سرکار عالی نے بذریعہ

(*Translation*)

any person in his ex-officio capacity.

Government office, Government securities may be transferred by endorsement, to or to the order of the officer for the time being holding the same, by the name of the office.

استہتار مندرجہ تحریدہ کسی سرکاری عہدہ سے ضمن ہذا کو متعلق کیا ہو تو کفالت نامجات سرکار عالی اس عہدہ کے نام سے عہدہ دار وقت کے حق میں یا اس کے حکم پر بذریعہ عبارت ظہری منتقل ہو سکیں گے ۔

(2) When a Government security is endorsed as aforesaid, it shall be deemed to be transferred without any further endorsement from the officer for the time being holding office, to the person appointed to the office, from the date of his taking over charge.

(۲) جب کسی کفالت نامہ سرکار عالی پر حسب متذکرۂ صدر عبارت لکھی گئی ہو تو عہدہ دار وقت کی جانب سے بغیر کسی مزید عبارت ظہری کے وہ اس شخص کے حق میں تاریخ جائزہ سے منتقل شدہ متصور ہوگا ۔ جس کا اس عہدہ پر تقرر کیا جائے ۔

(3) When the officer holding office for the time being desires to transfer to a third person, any Government security endorsed as aforesaid, he shall subscribe his name and designation to the same.

(۳) جب کسی کفالت نامہ سرکار عالی کو جس پر حسب متذکرہ صدر عبارت ظہری لکھی گئی ہو کوئی عہدہ دار وقت شخص ثالث کے حق میں منتقل کرنا چاہے تو وہ اس پر اپنا نام بصراحت عہدہ لکھے گا ۔

(4) When any Government security has been transferred by endorsement in his ex-officio capacity to any person holding any Government

(۴) جب کوئی کفالت نامہ سرکار عالی بذریعہ عبارت ظہری کسی ایسے شخص کے حق میں جو کسی سرکاری

office on or before the commencement of this Act, such endorsement shall not be invalid by reason only of the security having been endorsed in the name of a person in his ex-officio capacity, and that the name of the officer is not entered therein.

(5) This section applies as well to offices to which two or more persons are appointed at a time.

Endorser of Government security not liable for amount thereof.

7. Notwithstanding anything contained in the Hyderabad Negotiable Instruments Act No. V of 1318 Fasli, a person shall not, by reason only of his having endorsed a Government security, be liable in respect of the sum entered therein or any interest thereon.

Signature or impression

8. (1) The Government shall notify in the Jarida the officer who shall sign

عہدہ پر ہو بہ حیثیت عہدہ بتاریخ نفاذ قانون ہذا یا اس کے قبل منتقل کیا گیا ہو تو ایسی عبارت ظہری محض اس وجہ سے کالعدم نہ ہوگی کہ وہ کسی شخص کے حق میں بہ اعتبار عہدہ لکھی گئی ہے اور عہدہ دار کا نام اس میں درج نہیں ہے۔

(۵) ۔ دفعہ ہذا ایسے عہدوں سے بھی متعلق ہے جن پر ایک ہی وقت دو یا زیادہ اشخاص کا تقرر ہو۔

کفالت نامہ سرکار عالی کا نویسندہ عبارت ظہری رقم مندرجہ کفالت نامہ کی بابتہ ذمہ دار نہ ہوگا۔

دفعہ ۷ ۔ باوجود کسی حکم مندرجہ قانون دستاویزات قابل بیع و شری ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (۵) ۱۳۱۸ف کوئی شخص محض اس وجہ سے کہ اس نے کسی کفالت نامہ سرکار عالی پر عبارت ظہری لکھی ہے رقم مندرجہ کفالت نامہ یا اس کے سود کی بابتہ ذمہ دار نہ ہوگا۔

کفالت نامہ جات سرکار عالی پر دستخط یا دستخط کی مہر۔

دفعہ ۸ (۱) سرکار عالی جریدہ میں اس امر کا اعلان

of signature on Government securities.

Government securities on behalf of the Government.

کرے گی کہ کفالت نامجات سرکار عالی پر سرکار عالی کی جانب سے کس عہدہ دار کے دستخط ہوں گے۔

(2) The signature of the officers authorised to sign Government securities may be printed, engraved, lithographed or impressed on Government securities by mechanical process in such manner as the Government may direct.

(۲) جن عہدہ داروں کو سرکار عالی نے کفالت نامجات سرکار عالی پر دستخط کرنے کا مجاز کیا ہو ان کے دستخط کفالت نامجات سرکار عالی پر ایسے طریقہ سے جس کی سرکار عالی ہدایت کرے کل کے ذریعہ سے طبع یا منقش کئے جاسکتے ہیں۔ یا لیتھو کے ذریعہ سے یا داب سے کئے جاسکتے ہیں۔

(3) The signature, so printed, engraved, lithographed or impressed shall be valid as if it had been inscribed in the handwriting of the said officer.

(۳) دستخط جو اس طرح طبع یا منقش کئے جائیں یا لیتھو کے ذریعہ سے یا داب سے کئے جائیں وہ اسی طرح جائز ہوں گے کہ گویا عہدہ دار مذکور نے وہ اپنے ہاتھ سے کئے ہیں۔

Issue of duplicate Government securities.

9. When a Government security is alleged to have been lost or destroyed wholly or in part and a person claims that but for its loss or destruction it would be payable to him, he may, on application

کفالت نامجات سرکار عالی کے مثنیٰ جات کی اجرائی۔

دفعہ ۹۔ (۱) جب کسی کفالت نامہ سرکار عالی کے متعلق یہ بیان کیا جائے کہ وہ جزءً یا کلاً گم یا تلف ہوگیا ہے اور کوئی شخص یہ دعویٰ کرے کہ اس کے گم یا تلف نہ ہونے کی صورت میں اس کی رقم اس

to the prescribed authority and on producing proof to his satisfaction of the loss or destruction and of the justice of his claim and on payment of the prescribed fee, if any, obtain an order, for–

کو واجب الادا ہوتی تو وہ عہدہ دار مقررہ کے روبرو درخواست پیش کرنے اور اس کے اطمینان کے موافق اس کے گم یا تلف ہونے اور اپنے دعویٰ کی صحت کا ثبوت پیش کرنے اور مقررہ فیس ادا کرنے پر (اگر کوئی فیس مقرر کی گئی ہو۔) حکم حاصل کر سکے گا کہ۔

(a) the payment of interest in respect of the security said to be lost or destroyed pending the issue of a duplicate security; and

(الف) اس کفالت نامہ کی بابت جس کا گم یا تلف ہونا بیان کیا جائے تا اجرائی مثنیٰ کفالت نامہ سود ادا کیا جائے۔ اور

(b) the issue of a duplicate security to the applicant.

(ب) درخواست گزار کے نام کفالت نامہ کا مثنیٰ جاری کیا جائے۔

(2) An order shall not be passed under sub-section (1) until the publication of the prescribed notification of the loss or destruction.

(۲) حسب ضمن (۱) کوئی حکم صادر نہ کیا جائے گا جب تک کہ کفالت نامہ کے گم یا تلف ہونے کا مقررہ اشتہار شائع نہ ہو۔

(3) A list of the securities in respect of which an order is passed under sub-section (1) shall be published in the prescribed manner.

(۳) جن کفالت نامجات کے متعلق حسب ضمن (۱) حکم صادر کیا گیا ہو ان کی فہرست مقررہ طریقہ کے موافق شائع کی جائے گی۔

(*Translation*)

Renewal of promissory notes.

10. Subject to the provisions of section 11, a person claiming to be entitled to a Government promissory note may, on applying to the prescribed authority and on satisfying him of the justice of his claim and delivering to him the promissory note received in the prescribed manner, and paying the prescribed fee, if any, obtain from such authority a renewed promissory note payable to him:

Provided that when application is made for the renewal of a Government promissory note which appears to the prescribed authority to stand in the name of a deceased member of a Hindu undivided family governed by the Mitakshara law, a renewed promissory note shall not be issued to the applicant, unless he produces a certificate from the prescribed authority and after such enquiry as may be prescribed to the effect that the deceased was a member of a Hindu undivided family governed by the Mitakshara law, that the promissory note formed part of the joint property of the family and that the applicant is the kartha i.e., manager or the sole surviving male member of the family.

پرامیسری نوٹس کی تجدید | دفعہ ۱۰ ۔ بمتابعت احکام دفعہ ۱۱ جب کوئی شخص دعویدار ہو کہ وہ کسی سرکاری پرامیسری نوٹ کا مستحق ہے تو وہ عہدہ دار مقررہ کے روبرو درخواست پیش کرنے اور اوس کو اپنے دعوے کی صحت کا اطمینان دلانے اور پرامیسری نوٹ کو مقررہ طریقہ پر رسید لکھ کر حوالہ کرنے اور مقررہ فیس ادا کرنے پر (اگر کوئی فیس مقرر کی گئی ہو) اس عہدہ دار سے جدید پرامیسری نوٹ جس کی رقم اس کو قابل ادا ہو حاصل کرسکے گا ۔

مگر شرط یہ ہے کہ جب کسی ایسے سرکاری پرامیسری نوٹ کی تجدید کی درخواست پیش کی جائے جو عہدہ دار مقررہ کو کسی ہندو خاندان مشترکہ تابع متاکشرا کے متوفی رکن کے نام معلوم ہوتا ہو تو درخواست گذار کے نام جدید پرامیسری نوٹ اُس وقت تک جاری نہ کیا جائے گا جب تک کہ وہ عہدہ دار مقررہ کا ایسی تحقیقات کے بعد جو لازمی قرار دی گئی ہو اس مضمون کا صداقت نامہ پیش نہ کرے کہ متوفی ہندو خاندان مشترکہ تابع متاکشرا کا رکن تھا اور وہ پرامیسری نوٹ جائداد مشترکہ کا جزو تھا

اور درخواست گزار اس خاندان کا کرتا یعنے منتظم یا ازقسم مذکور تنہا پسماندہ رکن ہے۔

پرامیسری نوٹ کی تجدید جب حقیقت کے متعلق نزاع ہو۔

11. (1) Where there is a dispute as to the title to a Government promissory note in respect of which an application for renewal has been made, the prescribed authority may—

Renewal of promissory notes in case of dispute as to title.

دفعہ ۱۱۔ (۱) جب کسی سرکاری پرامیسری نوٹ کی حقیقت کے متعلق نزاع ہو جس کی تجدید کے لئے درخواست پیش کی گئی ہو تو عہدہ دار مقررہ کو اختیار ہوگا کہ۔

(a) where any party to the dispute has obtained a final decision from a Court of competent jurisdiction declaring him to be entitled to such note, issue a renewed note in his favour, or,

(الف) جب کسی فریق نے عدالت مجاز کا قطعی فیصلہ اس امر کے متعلق حاصل کر لیا ہو کہ وہ اس نوٹ کا مستحق ہے تو اس کے حق میں جدید نوٹ جاری کرے۔ یا

(b) refuse to renew a note until such final decision is made, or

(ب) اس وقت تک جدید نوٹ جاری کرنے سے انکار کرے جبتک ایسا قطعی فیصلہ صادر نہ ہو۔ یا

(c) after such inquiry as is hereinafter provided and consideration of the result thereof, declare by order

(ج) ایسی تحقیقات کے بعد جس کے متعلق بعد ازیں حکم دیا گیا ہے اور اس کے نتیجہ پر غور کرنے کے بعد حکم تحریری کے ذریعہ سے یہ قرار دے کہ

in writing which of the parties is in his opinion, entitled to such note and after the expiration of three months from the date of such order in writing issue a renewed note in his favour in accordance with section 10, unless within that period he has received notice, in writing that a suit or proceeding has been instituted by any person in a Court of competent jurisdiction for the purpose of establishing a title to such note.

اس کی رائے میں فریقین میں سے کون شخص اس کا مستحق ہے اور ایسے حکم تحریری کی تاریخ سے تین مہینے گذرنے کے بعد حسب مقتضاء دفعہ (۱۰) اس کے حق میں جدید نوٹ جاری کرے بجز اس کے کہ اس اثناء میں اس کو اس امر کی تحریری اطلاع دی گئی ہو کہ کسی شخص کی جانب سے حقیت ثابت قرار دئے جانے کی غرض سے کسی عدالت مجاز میں کوئی مقدمہ یا کارروائی رجوع کی گئی ہے ۔

Explanation :—For the purposes of this sub-section the expression 'final decision' means a decision which is not appealable or a decision which is appealable but against which no appeal has been filed within the period prescribed by law.

(توضیح) ۔ ضمن ہذا کی اغراض کے لئے قطعی "فیصلہ" سے ایسا فیصلہ مراد ہے جس کا مرافعہ نہ ہوسکتا ہو یا اگر اس کا مرافعہ ہوسکتا ہو تو اس میعاد کے اندر جو مرافعہ کے لئے قانوناً مقرر ہو کوئی مرافعہ نہ کیا گیا ہو ۔

(2) For the purpose of an enquiry referred to in sub-section (1), the prescribed authority may himself record or may request the District Magistrate to record or to cause to be recorded such evidence as the parties may desire to produce.

(۲) اس تحقیقات کی غرض کے لئے جس کا ضمن (۱) میں ذکر ہے ۔ عہدہ دار مقررہ وہ شہادت جو فریقین پیش کرنا چاہیں خود قلمبند کرسکے گا یا ناظم فوجداری ضلع سے خواہش کرسکے گا کہ وہ قلمبند کرے یا کرائے جب ناظم فوجداری

When such request has been made to the District Magistrate, he may himself record such evidence or may have it recorded by any Magistrate of the first class or of the second class subordinate to him and shall forward a copy thereof to the prescribed authority.

ضلع سے ایسی خواہش کی گئی ہو تو وہ شہادت خود قلمبند کرسکے گا یا اپنے کسی ماتحت ناظم فوجداری درجہ اول یا درجہ دوم سے قلمبند کرائے گا اور اس کی نقل عہدہ دار مقررہ کے پاس روانہ کرے گا۔

Explanation :—For the purposes of this sub-section, District Magistrate means the District Magistrate of the district where interest on the promissory note in dispute is payable.

(توضیح) ضمن ہذا کی اغراض کے لئے ناظم فوجداری ضلع سے اس ضلع کا ناظم فوجداری ضلع مراد ہے۔ جہاں نزاعی پرامیسری نوٹ کا سود قابل ادا ہو۔

(3) The prescribed authority or any Magistrate recording evidence under this section may, before recording such evidence, administer oath to the witness.

(۳) عہدہ دار مقررہ یا ناظم فوجداری جو حسب دفعہ ہذا شہادت قلمبند کرے وہ ایسی شہادت قلمبند کرنے کے قبل گواہ کو حلف دے سکے گا۔

(4) Nothing in this section shall bar a claim against the Government in respect of such note by any person who had no notice of the proceeding under this section or who derives title through such person.

(۴) دفعہ ہذا کا کوئی مضمون اس دعوے کے مانع نہ ہوگا جو سرکار عالی کے مقابلہ میں اس کفالت نامہ کی بابت کسی ایسے شخص کو ہو جسے دفعہ ہذا کی کارروائی کی اطلاع نہ ہو یا جو ایسے

شخص کے توسط سے دعویدار ہو ۔

12. Securities may be renewed in such circumstances and in such manner as may be prescribed.

Renewal of other securities.

دیگر کفالت نامجات کی تجدید | دفعہ ۱۲ ۔ کفالت نامجات کی تجدید ان حالات میں اور اس طریقہ سے ہوسکے گی جو مقرر کیا جائے ۔

13. (1) The prescribed authority may, subject to such conditions as may be prescribed, on the application of a person claiming to be entitled to a Government security, on being satisfied of the justice of the claim and on delivery of the security receipted in the prescribed manner and on payment of the prescribed fee, issue in the name of the applicant a converted security in place of such security or consolidated security or securities in place of securities of lower amounts or securities of lesser amount in place of a security of a larger amount.

Issue of converted securities.

تبدیل شدہ کفالت نامجات کی اجرائی ۔ | دفعہ ۱۳ ۔ (۱) عہدہ دار مقررہ پابندی ان شرائط کے جو مقرر کی گئی ہوں ایسے شخص کی درخواست پر جو کسی کفالت نامہ سرکار عالی کے مستحق ہونے کا دعویدار ہو اس امر کا اطمینان کر کے اس کا دعویٰ صحیح ہے اور اس کفالت نامہ کے حوالے کئے جانے اور اس کی حسب طریقہ مقررہ رسید لکھنے پر اور اس کی باستہ مقررہ فیس ادا ہونے پر اس کفالت نامہ کے بجائے تبدیل شدہ کفالت نامہ یا کم رقم کے کفالت نامجات کے بجائے مجموعی رقم کا کفالت نامہ یا کفالت نامجات یا زیادہ رقم کے کفالت نامہ کے بجائے اس رقم سے کم رقم کے کفالت نامجات درخواست گزار کے نام جاری کرسکتا ہے ۔

(2) The securities issued under sub-section (1) may be in respect of one loan or different loans.

(۲) ضمن (۱) کی رو سے جو کفالت نامجات جاری کئے جائیں وہ ایک ہی قرضہ یا مختلف قرضوں کی بابتہ ہو سکتے ہیں۔

Liability in respect of renewed promissory notes.

14. (1) When a renewed security is issued under section 10 or 13, such security shall constitute a new contract between the Government and the person in whose name the security has been issued or and person deriving title through him.

تجدید شدہ پرامیسری نوٹس کی بابتہ ذمہ داری۔

دفعہ ۱۴۔ (۱) جب حسب دفعہ ۱۰ یا ۱۳ کوئی جدید کفالت نامہ جاری کیا جائے تو ایسا کفالت نامہ سرکار عالی اور اس شخص کے مابین جس کے نام وہ کفالت نامہ جاری کیا گیا ہو یا جس نے اس کے ذریعہ سے حق حاصل کیا ہو جدید معاہدہ ہوگا۔

(2) The issue of new securities under section 10 or 13 shall not, as against the Government, affect the rights of any other person in respect of the security so renewed or converted.

(۲) دفعہ ۱۰ اور دفعہ ۱۳ کی رو سے جدید کفالت نامجات کی اجرائی سے جہاں تک سرکار عالی کا تعلق ہے کسی اور شخص کے ان حقوق پر اثر نہ پڑیگا جو اس کو اس کفالت نامہ کے متعلق حاصل ہوں جس کی تجدید یا تبدیلی کی گئی ہو۔

Discharge of Government from liabity.

15. Save as otherwise provided in this Act,—

سرکار عالی کا ذمہ داری سے سبکدوش ہونا۔

دفعہ ۱۵۔ بجز اس کے کہ قانون ہذا میں کوئی اور حکم ہو۔

(*Translation*)

(1) on payment of the amount due on a Government security after the date on which payment becomes due, or

(۱) جب کسی کفالت نامہ سرکار عالی کی رقم واجب ہو جائے تو اس کے واجب ہونے کے بعد اس کی رقم کی ادائی پر۔ یا

(2) when a duplicate security has been issued under section 9, or

(۲) جب حسب دفعہ ۹ کسی کفالت نامہ سرکار عالی کا مثنیٰ کفالت نامہ جاری کیا گیا ہو۔ یا

(3) when a renewed or converted security has been issued under section 10 or 11 or 13, the Government shall be discharged from all liabilities in respect of the original security the amount of which has been paid or in respect of which duplicate security has been issued or in place of which renewed or converted security or securities has or have been issued,—

(۳) جب حسب دفعہ ۱۰ یا دفعہ ۱۱ یا دفعہ ۱۳ کوئی جدید یا تبدیل شدہ کفالت نامہ جاری کیا گیا ہو۔ تو سرکار عالی اصلی کفالت نامہ کی بابت جس کی رقم ادا کی گئی ہو یا جس کی بابت مثنیٰ کفالت نامہ جاری کیا گیا ہو جس کے بجائے جدید یا تبدیل شدہ کفالت نامہ یا کفالت نامجات جاری کئے گئے ہوں کل ذمہ داریوں سے سبکدوش ہو جائے گی۔

(a) in the case of payment, after the lapse of six years from the date on which payment was due;

(الف)۔ رقم کی ادائی کی صورت میں رقم واجب الادا ہونے کی تاریخ سے چھ سال گزرنے کے بعد۔

(b) in the case of a duplicate security, after the lapse of six years

(ب) مثنیٰ کفالت نامہ کی صورت میں اس

from the date of the publication under sub-section (3) of section 9, of the list in which the security is first mentioned or from the date of the last payment of interest on the original security, whichever date is later;

(c) in the case of renewed or converted securities, after the lapse of six years from the date of issue thereof.

Procedure on death of the person holding securities of the value of five thousand rupees

16. (1) When any person holding Government securities the value of which does not in the aggregate exceed five thousand rupees dies and within six months of the death of such person probate of the will, or letter of administration of the estate of such person or succession certificate granted under Act No. III of 1307 Fasli, is not produced before the prescribed authority, such authority may, after inquiry in the manner provided in sub-sections (2) and (3) of section 11, determine the person entitled to the securities or to administer the estate of the deceased, and may,—

تاریخ سے چھ سال گزرنے کے بعد جس تاریخ کو وہ فہرست متذکرہ دفعہ (۹) ضمن (۳) شایع ہوئی ہو جس میں اس کفالت نامہ کا اول مرتبہ اندراج ہو یا اصلی کفالت نامہ کی بابتہ آخری مرتبہ سود ادا کرنے کی تاریخ سے ان دونوں تاریخوں میں سے جو تاریخ مابعد ہو۔

(ج) تجدید شدہ یا تبدیل شدہ کفالت نامجات کی صورت میں ان کی اجرائی کی تاریخ سے چھ سال گزرنے کے بعد۔

کارروائی جب ایسا شخص فوت ہو جائے جس کے نام کفالت نامجات سرکار عالی قیمت ۵۰۰۰ روپے ہوں

دفعہ ۱۶۔ (۱) جب کوئی ایسا شخص فوت ہو جائے جس کے نام کفالت نامجات سرکار عالی ہوں جن کی مجموعی رقم (قیمت ــــ) سے زیادہ نہ ہو اور اس کے فوت ہونے کے چھ مہینے کے اندر کوئی صداقت نامہ نفاذ وصیت یا صداقت نامہ اہتمام ترکہ یا صداقت نامہ وراثت حسب قانون نشان (۳) سنہ ۱۳۰۷ف عہدہ دار مقررہ کے روبرو پیش نہ کیا جائے تو اس کو اختیار ہوگا کہ حسب طریقہ متذکرہ دفعہ ۱۱ ضمن (۲) و (۳) تحقیقات کرنے کے بعد اس امر کا تصفیہ کرے کہ کون شخص ان کفالت نامجات کا مستحق ہے یا

(a) in the case of securities which are due for repayment, order payment of the amount to such person; and

(b) in the case of securities which are not due for repayment, order the issue of new securities in favour of such person.

(2) Upon the payment of the amount of or issue of new securities in accordance with sub-section (1), the Government shall be discharged from liability in respect of the original securities.

(3) Any creditor or claimant against the estate of the deceased may recover his debt or claim from the person to whom any amount is paid under sub-section (1) and not lawfully utilised by him, in the same manner and to the same extent as if he had obtained letters of administration of the estate of the deceased and nothing in this section shall affect the rights of an executor or administrator or representative of the deceased

متوفی کی جائداد کے اہتمام کا کون شخص مجاز ہے اور وہ

(الف) ایسے کفالت نامجات کی صورت میں جن کی رقم قابل ادا ہو یہ حکم دے سکے گا کہ رقم اس شخص کو ادا کی جائے۔ اور

(ب) ایسے کفالت نامہ جات کی صورت میں جن کی رقم قابل ادا نہ ہو یہ حکم دے سکے گا کہ ان کفالت نامجات کے بجائے جدید کفالت نامجات اس شخص کے نام جاری کئے جائیں۔

(۲) حسب ضمن (۱) رقم ادا ہونے یا جدید کفالت نامجات جاری ہونے کی صورت میں سرکار عالی اصل کفالت نامجات کی بابت ذمہ داری سے سبکدوش ہو جائے گی۔

(۳) متوفی کی جائداد کے مقابلہ میں جو داین یا دعویدار ہو اس کو اختیار ہوگا کہ اس شخص سے جسے حسب ضمن (۱) کوئی رقم ادا کی گئی ہو اور جو اس نے بطور جائز صرف نہ کی ہو اسی طرح اور اس حد تک وصول کرے کہ گویا اس نے متوفی کی جائداد کے متعلق صداقت نامہ اہتمام ترکہ حاصل کیا تھا۔ اور دفعہ ہذا کا کوئی مضمون کسی شخص متوفی کی جائداد کے وصی یا مہتمم ترکہ یا قائم مقام کے ان حقوق پر

against such person. Such amounts as have been lawfully paid by him in due course of administration of the estate of the deceased shall not be claimed.

Payment in case of securities in the name of minor or lunatic.

17. Where a Government security stands in the name of a minor or a person who is insane and incapable of managing his affairs, the interest accruing on such securities or the capital sum thereof shall be paid in such manner as may be prescribed; provided that in the case of interest the aggregate amount of original securities does not exceed five thousand rupees and in the case of capital sum payable, the sum payable does not exceed five thousand rupees. When the payment of interest or capital sum is made in the aforesaid manner, the Government shall, notwithstanding anything in any law, be discharged from all liability in respect thereof.

موثر نہ ہوگا جو اس کو اس شخص کے مقابلہ میں حاصل ہوں بجز اس کے کہ ان رقوم کا مطالبہ نہ کیا جا سکے گا جو اس نے شخص متوفی کی جائداد کا اہتمام کرنے میں بطور جائز صرف کی ہو۔

دیسے کفالت نامجات کی ادائی جو نابالغ یا شخص فاتر العقل کے نام ہوں۔

دفعہ ۱۷۔ جب کوئی کفالت نامہ سرکار عالی کسی ایسے شخص کے نام ہو جو نابالغ ہو یا فاتر العقل اور اپنے کاروبار کے انجام دہی کے ناقابل ہو تو ایسے کفالت نامجات کا سود یا اگر ان کی اصل رقم ایسے طریقہ سے ادا کی جائے گی جو مقرر کیا گیا ہو بشرطیکہ سود کی صورت میں اصل کفالت نامجات کی مجموعی مقدار (صمـــــ/-) سے زائد نہ ہو اور اصل رقم واجب الادا ہونیکی صورت میں رقم ادا شدنی (صمـــــ/-) سے زائد نہ ہو جب سود یا اصل رقم کی ادائی حسب طریقہ متذکرہ صدر عمل میں آئے تو سرکار عالی باوجود اس کے کہ کسی قانون میں کوئی اور حکم ہو ان کے متعلق جملہ ذمہ داریوں سے سبکدوش ہو جائے گی۔

(Translation)

18. Notwithstanding anything contained in sections 9, 10, 11, and 13, the prescribed authority may in any of the cases mentioned in the said sections—

Indemnity-bond.

(a) issue duplicate securities or renewed securities or converted securities or consolidated securities or securities of lesser amounts, provided that the applicant executes the prescribed indemnity-bond against the claims of persons having any right in respect of the original security; or—

(b) refuse to issue duplicate or renewed or converted or consolidated securities or securities of lesser amount unless such indemnity-bond is executed.

19. No person shall be entitled to inspect or to receive information from any Government security in possession of the Government or any book, register or other

Inspection of documents.

ابرار نامہ۔ | دفعہ ۱۸۔ باوجود کسی حکم مندرجہ دفعہ ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۳ عہدہ دار مقررہ ان صورتوں میں سے کسی میں جن کا دفعات مذکور میں ذکر کیا گیا ہے۔

(الف) مثنیٰ کفالت نامجات یا تجدید شدہ کفالت نامجات یا تبدیل شدہ کفالت نامجات یا مجموعی مقدار کے یا کم مقدار کے کفالت نامجات جاری کرے بشرطیکہ درخواست گزار ان اشخاص کے دعاوی کے متعلق مقررہ ابرار نامہ تکمیل کرے جن کو اصل کفالت نامجات کے متعلق کوئی حق حاصل ہو۔ یا

(ب) جب تک کہ ایسا ابرار نامہ تکمیل نہ کیا جائے اس وقت تک مثنیٰ یا جدید یا تبدیل شدہ یا مجموعی مقدار کا یا کم مقدار کے کفالت نامجات جاری کرنے سے انکار کرے۔

دستاویزات کا معائنہ۔ | دفعہ ۱۹۔ بجز ان حالات اور اس طریقہ کے اور پابندی ان شرائط کے جو مقرر کی گئی ہوں کوئی شخص مجاز نہ ہوگا کہ

document maintained on behalf of the Govenment in relation to Government securities, save in such circumstances and manner and subject to such conditions as may be prescribed.

20. (1) If any person, for the purpose of obtaining for himself or for any other person the payment of the interest or capital sum on any Government security or causing the issue of a duplicate security or causing any Government security to be renewed, or obtaining, instead, converted or consolidated Government securities or Government securities of lesser amount, makes to any authority appointed under this Act a statement which is false and which he either knows to be false or does not believe to be true, he shall be punished with imprisonment which may extend to six months or with fine or with both.

Penalties.

کسی ایسے کفالت نامہ سرکار عالی کا جو سرکار عالی کے قبضہ میں ہو یا کسی کتاب رجسٹر یا اور دستاویز کا جو کفالت نامجات سرکار عالی کے متعلق سرکار عالی کی جانب سے مرتب کی گئی ہو معائنہ کرے یا اس کے ذریعہ سے کوئی اطلاع کرے۔

سزائیں۔ **دفعہ ۲۰۔** (۱) اگر کوئی شخص اس غرض سے کہ اپنے کسی اور شخص کے لئے کسی کفالت نامہ سرکار عالی کا سود یا اس کی اصل رقم حاصل کرے یا ثانی کفالت نامہ جاری کرائے یا کسی کفالت نامہ سرکار عالی کی تجدید کرائے یا اس کے بجائے تبدیل شدہ یا مجموعی رقم کا یا کم رقم کے کفالت نامجات سرکار عالی حاصل کرے کسی حاکم کے روبرو جو حسب قانون ہذا مقرر کیا گیا ہو ایسا بیان کرے جو جھوٹ ہو اور جس کا جھوٹ ہونا وہ جانتا ہو یا جس کا سچ ہونا وہ باور نہ کرتا ہو اس کو قید کی سزا دی جائے گی جس کی میعاد (۶) مہینے تک ہو سکے گی۔ یا جرمانہ کی یا دونوں سزائیں دی جائیں گی۔

(2) No Court shall take cognizance of any offence mentioned in sub-section (1) save on the complaint of the authority to whom the false statement was made.

(۲) کوئی عدالت جرم متذکرہ ضمن (۱) کی سماعت نہ کرے گی بجز اس کے کہ اس حاکم نے استغاثہ کیا ہو جس کے روبرو جھوٹ بیان کیا گیا ہو۔

Powers to make rules.

21. (1) The Government may, after previous publication, make rules for the purposes of this Act.

قواعد بنانے کا اختیار ۔ دفعہ ۲۱ ۔ (۱) سرکار عالی کو اختیار ہوگا کہ بعد اشاعت سابقہ قانون ہذا کی اغراض کے لئے قواعد مرتب کرے۔

(2) Such rules may, *inter alia*, provide for the following matters:—

(۲) ایسے قواعد منجملہ اور امور کے مفصلہ ذیل امور کے متعلق ہوسکیں گے۔

(a) the manner in which payment of interest in respect of Government securities shall be made and acknowledged;

(الف) کفالت نامجات سرکار عالی کا سود کس طریقہ سے ادا کیا جائے گا اور اس کی رسید کس طرح دی جائے گی۔

(b) the circumstances in which Government securities must be renewed before the interest thereon can be claimed;

(ب) کن حالات میں کفالت نامجات سرکار عالی کی تجدید کرانی چاہئے قبل اس کے کہ ان کے سود کا مطالبہ کیا جاسکے۔

(c) the fees payable in respect of the issue of duplicate securities or for the renewal or conversion of securities or for the issue of consolidated securities or securities of lesser amount;

(ج) فیس جو مثنیٰ کفالت نامجات یا کفالت نامجات کی تجدید۔ تبدیلی یا مجموعی رقم کے کفالت نامجات یا کم رقم کے کفالت نامجات کی اجرائی کیلئے واجب الادا ہوگی۔

(d) the proof to be produced by persons applying for duplicate securities;

(د) ثبوت جو ان اشخاص کو پیش کرنا ہوگا جو مثنیٰ کفالت نامجات کی درخواست کریں۔

(e) the form and manner of publication of the notification mentioned in sub-section (2) of section 9 and the manner of publication of the list mentioned in sub-section (3) of section 9;

(f) the officer who shall exercise the powers and perform the duties specified in sections 9, 10, 11, 13, 16 and 18;

(g) the manner of making the enquiry mentioned in the proviso to section 10;

(h) the circumstances and the manner in which Government securities may be renewed;

(i) he form in which any Government security, delivered for cancellation or renewal or conversion shall be receipted;

(j) the conditions subject to which, securities may be converted or consolidated securities or securities of lesser amount shall be issued;

(k) the persons to whom and the manner in which payments may be made in respect of securities standing in the name of any minor or a person who is insane and incapable of managing his affairs;

(l) the taking of indemnity bonds against adverse claims of third parties from persons who receive the interest or capital sum in respect of any Government security or who

قانون کفالت نامجات - ش ن (۲) ۱۳۳۰ف

(ھ) - اشتہار متذکرہ دفعہ ۹ ضمن (۲) کا نمونہ اور اس کی اشاعت کا طریقہ اور فہرست متذکرہ دفعہ ۹ ضمن (۳) کی اشاعت کا طریقہ -

(و) عہدہ دار جو ان اختیارات کو استعمال کریگا اور ان فرائض کو انجام دیگا جن کی صراحت دفعہ ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۳ و ۱۶ و ۱۸ میں کی گئی ہو -

(ز) اس تحقیقات کا طریقہ جس کی صراحت دفعہ ۱۰ کی شرط میں کی گئی ہے -

(ح) کفالت نامجات سرکار عالی کی تجدید کن حالات میں اور کس طریقہ سے ہو سکے گی -

(ط) جب کوئی کفالت نامہ سرکار عالی انفساخ یا تجدید یا تبدیل کے لئے حوالہ کیا جائے تو اس پر رسید کس نمونہ کے موافق لکھی جائیگی -

(ی) شرائط جن کی پابندی کی گئی تھی کفالت نامجات تبدیل کئے جا سکیں گے یا مجموعی رقم یا کم رقم کی بابتہ جاری کئے جا سکیں گے -

(ک) کن اشخاص کو اور کس طریقہ سے ایسے کفالت نامجات کی بابتہ ادائی ہو سکیگی جو کسی نابالغ یا ایسے شخص کے نام ہو جو فاتر العقل اور اپنے کاروبار کی انجام دہی کے ناقابل ہو -

(ل) اشخاص ثالث کے مخالف حقوق کے متعلق ایسے اشخاص سے ابراء نامہ جات لینا جو کسی کفالت نامہ سرکار عالی کی بابتہ سود یا اصل رقم حاصل کریں یا جو متنی کفالت نامجات یا

obtain duplicate or renewed or converted or consolidated securities or securities of lesser amount;

تجدید یا تبدیل شدہ یا مجموعی رقم کے یا کم رقم کے کفالت نامجات حاصل کریں۔

(m) the manner in which any document relating to any security or any endorsement thereon, may, on the request of any person who, for any reason is unable to write, be executed on his behalf;

(م) طریقہ جس کے موافق کسی ایسے شخص کی درخواست پر جو کسی وجہ سے لکھ نہ سکتا ہو کسی کفالت نامہ کے متعلق کوئی دستاویز یا کوئی عبارت ظہری اس کی جانب سے لکھی جاسکیگی۔

(n) enabling holders of Government stock to be entered in the stock registers as trustees of any particular trust or as trustees in general and for the recognition of powers of attorney granted by such trustees;

(ن) سرکار عالی کے اسٹاک کے مالکان کو یہ موقع دینے کے لئے کہ وہ اسٹاک کے رجسٹروں میں کسی خاص امانت کے لئے یا عام طور پر امنا مقرر دیئے جائیں اور ایسے امنا کی جانب سے مختار نامجات کس طرح تسلیم کئے جاسکیں گے۔

(o) the holders of Government stock may hold offices other than Government offices; and the manner in which and the conditions subject to which the stock so standing in the name of the holder of any office may be transferred;

(س) سرکار عالی کے اسٹاک کے مالک ایسے عہدوں کے قابض ہوسکیں گے جو سرکاری عہدے نہ ہوں اور جو اسٹاک اس طرح کسی عہدہ کے قابض کے نام ہو وہ کس طریقہ سے اور کن شرائط کے ساتھ منتقل کیا جاسکیگا۔

(p) the mode of attestation of documents relating to Government stock;

(ع) سرکار عالی کے اسٹاک کے متعلق دستاویزات کی تصدیق کا طریقہ۔

(q) all matters connected with the grant of duplicates of Government securities or with the issue of renewed or converted or consolidated securities or securities of lesser amount;

(ف) جملہ امور جن کا تعلق کفالت نامجات سرکار عالی کے مثنیٰ جاسکے عطا یا ان کی تجدید یا تبدیل یا مجموعی رقم یا کم رقم کے کفالت نامجات کی اجرائی سے ہے۔

(ص) حالات اور طریقہ جس کے موافق

(r) the circumstances and the manner in which and the conditions subject to which inspection of securities, books registers and other documents may be allowed or information relating thereto may be given under section 19.

(3) Nothing in rules made under clauses (n) and (o) of sub-section (2), shall, as between trustees or as between trustees and beneficiaries, authorise the trustees to act in contravention of the law applicable to the said trust or the terms of the instrument of trust, and the Government or any person holding any stock or acquiring any right therein shall not, by reason only of any entry in the register maintained by the Government in relation to Government stock or stock-holders or of anything in any document relating to Government stock, be deemed to be informed of any trust or of the fiduciary character of any stock-holder or of any fiduciary obligation in respect of any Government stock.

اور شرائط جن کی پابندی کے ساتھ کفالت نامجات ۔ کتب ۔ رجسٹروں اور دیگر دستاویزات کے معائنہ کی اجازت دی جاسکتی ہے ۔ یا ان کے متعلق اطلاع حسب دفعہ ۱۹ دی جاسکتی ہے ۔

(۳) قواعد جو ضمن (۲) فقرہ (ن) و (س) کی رو سے مرتب کئے جائیں ان کی بناء پر امناء کو ایک دوسرے کے مقابلہ میں یا امناء کو موتمن لاکے مقابلے میں یہ اختیار نہ ہوگا کہ وہ قانون متعلق امانت مذکور یا شرائط مندرجۂ امانت نامہ کے خلاف عمل کریں اور محض اس وجہ سے کہ سرکار عالی کے اسٹاک یا مالکان اسٹاک کے متعلق جو رجسٹر سرکار عالی نے مرتب کیا ہے اس میں کوئی اندراج ہے یا کسی امر کی وجہ سے جو کسی دستاویز متعلق اسٹاک سرکار عالی میں ہو یہ متصور نہ ہوگا کہ سرکار عالی گویا کسی شخص کو جو کسی اسٹاک کا مالک ہو یا اس میں کسی قسم کا حق حاصل کرے اصل اسٹاک سرکار عالی کے متعلق کسی امانت یا مالک اسٹاک کی امینانہ حیثیت کی یا کسی امانتی وجوب کی اطلاع ہے ۔

(*Translation*)

(4) Rules made under this section shall be published in the Jarida and shall, after publication have the same effect as if enacted in this Act.

(۴) قواعد جو تحت دفعہ ہذا مرتب کئے جائیں وہ جریدہ میں شائع کئے جائیں گے اور بعد اشاعت جریدہ وہی اثر رکھیں گے کہ گویا وہ قانون ہذا کا جزو ہیں۔